بسم اللہ الرحمن الرحیم

# اللہ پاک کی صفات کے متعلق کیا عقیدہ ہونا چاہیے؟

دارالافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

## سوال

اللہ پاک کی صفات کی تعداد کے متعلق ہمیں معلوم نہیں کہ کتنی ہیں، تو اس بارے میں کیا عقیدہ ہونا چاہیے؟

## جواب

عقیدہ یہی ہے کہ اللہ پاک کی ذات لامحدود ہے، اسی طرح اس کی صفات بھی لامحدود پھر اللہ پاک کی ہر صفت بھی لامحدود ہے۔

اعلیٰ حضرت امام اہلسنت امام احمد رضا خان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: ”ذاتہ سبحٰنہ وتعالٰی غیر متناھیۃ وصفاتہ غیر متناھیات و کل صفۃ منھا غیر متناھیۃ“ یعنی: اللہ تعالیٰ کی ذات پاک لامحدود اور اس کی صفات غیر متناہی ہیں اور پھر اس کی ہر صفت غیر متناہی ہے۔“ (فتاوی رضویہ، جلد 15، صفحہ 478، رضا فاؤنڈیشن، لاھور)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

مجیب: مولانا سید مسعود علی عطاری مدنی

فتوی نمبر: Web-2469

تاریخ اجراء: 29 محرم الحرام 1447ھ/25 جولائی 2025ء

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.fatwaqa.com daruliftaahlesunnat DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat feedback@daruliftaahlesunnat.net